11349 ـ سودی بنك میں ملازمت کی پیشکش

سوال

میں کمپیوٹر پروگرام کمپنی میں کام کرتا ہوں، ان آخری ایام میں کمپنی نے مجھے کام کے سلسلے میں ایك برس کے لیے xxx جانے کی پیشکش کی ہے، اور میں نے وہاں جانے کی تیاری بھی شروع کر دی ہے، لیکن کچھ ایام کے بعد مجھے کہا گیا میں xxx بنك میں کام کرونگا، مجھے علم ہے کہ سودی لین دین کرنے والے اداروں مثلا بنك میں کام کرنا حرام ہے.
ان میں سے ایك شخص نے مجھے بتایا کہ کچھ بنك ایسے بھی ہیں جو xxx میں اسلامی طریقہ سے اپنی خدمات پیش کرتے ہیں، لیکن میرے پاس بنك کے بارہ میں معلومات نہیں، میں نے کچھ جگہوں میں بعض سوالات پیش کیے لیکن مجھے ان کا جواب موصول نہیں ہوا.
میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ یہ بتائیں کہ آیا میرے لیے xxx بنك میں کام کرنا جائز ہے کہ نہیں ؟ کیونکہ ممکن ہے یہ بنك سودی لین دین کرتا ہو، اور اگر میں ان کے لیے کام کروں تو اس میں معاون بنوں گا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جی ہاں، معاملہ بالکل ایسا ہی جیسا آپ نے ذکر کیا ہے، مذکورہ بنك سودی لین دین کرتا ہے.

ہماری آپ کو نصیحت یہی ہے کہ آپ اس میں کام کرنے سے اجتناب کریں اور دور ہی رہیں.

اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ کو توفیق عطا فرمائے، اور ہمیں اپنے دین پر ثابت قدمی دے.

واللہ اعلم .